"حال ہی میں بڑی بیٹی کی شادی سے بھی فارغ ہوا ہوں۔ مجھے اس شادی کی بہت فکر تھی اور میرا پریشان ہونا جائز بھی تھا۔ گھر میں پھوٹی کوڑی نہ تھی۔ سوچتا تھا کیا بنے گا لیکن اللہ کریم مجھ جیسے غریبوں کی بھی سننے والا ہے۔ آپ کو معلوم ہے میں رشوت کا بالکل قائل نہیں ہوں اس لیے میرے ماتحت مجھ سے ہمیشہ خوش رہتے ہیں۔ اب جو یہ شادی کا موقع آیا تو میرے ماتحتوں ہی میں سے ایک نے کہا: جناب! آپ کی بیٹی ہماری بیٹی ہے۔ ہمیں بھی اس تقریب سعید میں کچھ ہاتھ بٹانے کا موقع دیا جائے۔ میرے بہت انکار کے باوجود ان لوگوں نے بیٹی کے جہیز کے لیے پچاس ہزار روپے کا انتظام کر ہی ڈالا۔ باقی پچاس ہزار میرے ایک پرانے ٹھیکیدار دوست نے مجھ سے چھپا کر میری بیوی کو بھجوا دیے اور اس طرح مجھے اپنی غریب بیٹی کے اس اہم فرض سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ایک لاکھ کی حقیر رقم ہی میں سارا کام کرنا پڑا۔ لیکن میرا داماد ایک بڑے گھرانے سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کی نظر میں یہ سب کچھ [illegible] ہے۔ میں اسے حق بجانب سمجھتا ہوں اور اسی وجہ سے میری بیٹی زیادہ وقت میرے گھر ہی رہتی ہے۔"

"[illegible] بچوں کی تعلیم [illegible]

بچے فضول خرچ کر سکتے ہیں لیکن میرا عقیدہ ہے کہ بچوں کی تعلیم پر والدین کو دل کھول کر پیسہ خرچ کرنا چاہیے۔ چنانچہ میں نے ان بچوں کو ملک کے سب سے اونچے اداروں میں داخل کرایا ہے۔ ان پر بھی بہت کچھ خرچ ہو جاتا ہے۔

ان اخراجات کے علاوہ ایک خرچ جو مجھے سب سے زیادہ تکلیف دیتا ہے وہ قرض کی ادائیگی ہے۔ میرے پاس سر چھپانے کے لیے کوئی جگہ نہیں تھی۔ بیوی نے کہا اور کچھ نہ ہو لیکن ایک چھوٹا سا مکان ضرور بنا لینا چاہیے۔ میں نے ابتدا میں بیوی کی اس تجویز کی سخت مخالفت کی لیکن وہ اپنی ضد پر اڑی رہی اور مجھے سر تسلیم خم کرنا پڑا۔۔۔ مگر اب سوال یہ تھا کہ مکان بنایا جائے کیسے؟ بڑی تگ و دو کے بعد ایک ہاؤس بلڈنگ سوسائٹی سے [illegible] قرض کا تو ایک روپیہ بھی بہت ہوتا ہے اور میں نے کوئی چالیس ہزار کی رقم سر پر چڑھا لی۔ سود اس کے علاوہ تھا۔ خرابی یہ ہے کہ مجھے اس رقم کا کچھ زیادہ فائدہ نہ ہوا۔ مکان پر دو لاکھ کے قریب خرچ ہو گئے اور پھر بھی وہ ایک شریف آدمی کی رہائش کے قابل نہ ہو سکا۔ میں تو جب اپنے اردگرد کے مکان دیکھتا ہوں تو شرم کے مارے گردن نہیں اٹھا سکتا۔ بہرحال پھر بھی خدا کا شکر ادا کرتا ہوں۔

شکرگزاری کے لیے سکون اور اطمینانِ قلب کی سخت ضرورت ہے۔ میں حتی الوسع کوشش کرتا ہوں کہ میرے سکونِ قلب کو مطلق آنچ نہ آنے پائے لیکن بُرا ہو انسانی عقل کا کہ یہ خواہ مخواہ کسی بڑی پریشانی کا سبب بن جاتی ہے۔ میرے ماتحت عملے میں ایک صاحب کچھ زیادہ ہی دیانت دار مشہور ہیں۔ انہوں نے پچھلے سال ایک چیز دس لاکھ میں تیار کرا دی۔ بلاشبہ یہ چیز بڑی مضبوط اور پائیدار بنی تھی لیکن کام میں صرف اس چیز کا تو خیال نہیں رکھا جاتا، کام کرنے والوں کو بھی دیکھا جاتا ہے۔ ان کا خیال رکھنا مقدم ہے۔ جب مجھے یہ معلوم ہوا کہ اس چیز کے بنانے والے کو کچھ زیادہ فائدہ نہیں ہوا تو میرے اضطراب کی انتہا نہ رہی۔ میں اپنے آپ کو ملعون کرتا رہا کہ افسوس میری موجودگی میں میرے کام کرنے والے زیادہ فائدہ نہ اٹھا سکیں۔ چیز کوئی معنی نہیں رکھتی، انسان معنی رکھتا ہے۔ آج اگر کوئی چیز ناقص بن گئی ہے تو کل اسے دوبارہ بھی بنایا جا سکتا ہے۔ انسان کو ایک دفعہ نقصان پہنچ گیا تو پھر اس کا ازالہ کرنا آسان نہیں۔ چنانچہ میں نے اس وقت تک اطمینان کا سانس نہ لیا جب تک اسی قسم کی چیز اپنے اسی بنانے والے سے دوسری جگہ آٹھ لاکھ میں نہ بنوائی۔ گویا دو لاکھ کی چیز آٹھ لاکھ میں بنوا کر میں نے بنانے والے کو چھ لاکھ کا فائدہ پہنچایا۔ جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں رشوت سے مجھے پیدائشی نفرت ہے۔ میں نذرانے اور تحفے تحائف وغیرہ قسم کی الا بلا قبول کر سکتا ہوں لیکن رشوت قبول نہیں کر سکتا، چنانچہ نذرانے کے طور پر ان چھ لاکھ میں سے تین لاکھ مجھے بھی دیے گئے۔ یقین کیجیے ان تین لاکھ کو حاصل کر کے مجھے ذرہ برابر خوشی نہیں ہوئی۔ جب بیوی نے دیکھا کہ میں بہت پریشان ہو رہا ہوں تو اس نے اس رقم کو میری آنکھوں کے سامنے سے دور کرنے کے لیے فوراً اپنے بھائی کے نام بنک میں داخل کرا دیا۔"

میں نے جب دیکھا کہ میری یہ داستانِ زار سنتے سنتے میرا دوست اونگھنے لگا ہے تو اسے جھنجھوڑ کر کہا:

"یار میں اپنا دکھڑا سنا رہا ہوں اور تم اونگھ رہے ہو۔"

اس نے غنودگی کے عالم میں جواب دیا:

"نہیں حاجی صاحب! میں اونگھ نہیں رہا بلکہ غور [illegible]"

"یہ غور [illegible]"

"معاف کرو [illegible] تمہاری [illegible]"

[illegible] اس نے جواب دیا۔

"ذرا بتاؤ تو سہی کیا معلوم کیا ہے؟"

"تمہاری تمام رام کہانی کا لب لباب [illegible]

[illegible] مبتلا ہو اور کسی طرح بھی [illegible] تمہاری مدد کرنی چاہیے۔ اب بلا تکلف بتاؤ کہ میں تمہارے لیے کیا کر سکتا ہوں؟"

[illegible]

صاف صاف کہا کہ وہ مجھے اپنے ضلع میں کچھ مربعے الاٹ کرا دے۔ وہ بولا: "لیکن یار حاجی! ایک دفعہ تم نے خود ذکر کیا تھا کہ تم نے زمین تو پہلے ہی کہیں سندھ میں الاٹ کرا رکھی ہے؟"

"اس زمین پر خاک ڈالو۔ وہاں سے کچھ وصول نہیں ہوتا۔ پہلے تو میں نے وہاں کے پرانے مزارعوں کو بے دخل کرانے میں وقت ضائع کیا۔ جب وہ بے دخل ہو گئے اور یہاں سے مزارع لے جا کر اپنے مزارع بٹھائے تو اب وہ بھی اپنے مزارع زمین کے خصم بنے ہوئے ہیں۔ جتنا کچھ ان کا بن جاتا ہے مجھے دے ڈالتے ہیں اور وہ بھی اس طرح جیسے میں ان سے کوئی بھیک مانگ رہا ہوں۔"

اس نے کہا: "لیکن کیا زمین الاٹ کرانے کا تمہارا کوئی حق بنتا ہے؟ میرا مطلب ہے کیا ابھی تمہارے پاس کچھ یونٹ اٹھانا باقی پڑے ہیں؟"

میں نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر جواب دیا:

"دیکھو بیٹے! ہم اور تم ایک گاؤں کے رہنے والے ہیں۔ تمہیں میرے تمام حالات معلوم ہیں اور مجھے تمہارے حالات سے پوری پوری واقفیت ہے۔ انصاف سے کہو کیا یہ سچ نہیں ہے کہ تمہارے آباؤ اجداد کے نام ایک مرلہ زمین بھی نہیں تھی، بھائی جس طرح تم یونٹ خرید کر صاحبِ جاگیردار بن گئے اسی طرح میں نے بھی کچھ یونٹوں کا انتظام کر لیا ہے۔"

اس جواب پر میرا دوست ایک دم چونک کر کھڑا ہو گیا اور رخصت ہوتے ہوئے کہنے لگا:

"حاجی صاحب! میں نے تو تم سے یونہی بات پوچھی تھی میرا یہ مطلب ہرگز نہ تھا کہ تم اپنے اور میرے حسب نسب کو دہرانا شروع کر دو۔۔۔ تم ضلع میں یونٹ بھجواؤ زمین الاٹ ہو جائے گی۔"

وعدہ تو میرے اس دوست نے بڑے زور شور سے کیا ہے۔ اب دیکھتا ہوں وہ میرے حال پر صحیح معنوں میں کرم کرتا ہے یا نہیں۔ میرا فرض اس کو اپنی قابلِ رحم حالت سے آگاہ کرنا تھا، سو وہ کر چکا ہوں۔ خدا اس کے دل میں میرے لیے کوئی جگہ بنائے اور مجھے اپنے ان کڑے حالات سے مردانہ وار گزر جانے کی ہمت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ ایک مردِ مسلمان کا سب سے بڑا سہارا تو اللہ کی ذات ہی ہے اور وہی مظلوموں کی دادرسی کرتا ہے۔

غزل

[illegible]

[illegible] آسماں کے لیے
لب ہیں آسماں رہ گئے
دو نگاہیں نہ جھک کر اٹھیں
ہم بے نقد جاں رہ گئے
کون تھا جس کے نقشِ قدم
صورتِ کہکشاں رہ گئے
جو اسیرِ اپنی خاطر بہے
اشک وہ رائگاں رہ گئے

بشیر زیدی اسیر

نئی تصنیف

مصنف: کیا آپ نے میرا لکھا ہوا وہ ڈرامہ دیکھا ہے جس میں میاں بیوی سدا لڑتے رہتے ہیں؟

پڑوسی: نہیں جناب لیکن اس کی ریہرسل اکثر آپ کے گھر میں ہوتی دیکھی ہے۔

غزل

ترے غم کو جاں کی تلاش تھی ترے جاں نثار چلے گئے
تری رہ میں کرتے تھے سر طلب، سرِ رہگزار چلے گئے
تری کج ادائی سے ہار کے شبِ انتظار چلی گئی
مرے ضبطِ حال سے رُوٹھ کر مرے غمگسار چلے گئے
نہ سوالِ وصل، نہ عرضِ غم، نہ حکایتیں نہ شکایتیں
ترے عہد میں دلِ زار کے سبھی اختیار چلے گئے
[illegible]
[illegible] چلے گئے
[illegible] کرو گے کیا
[illegible] چلے گئے

[illegible]



عورت ایک [illegible]

[illegible]

"[illegible] عورت [illegible] اس وہ پاکیزگی [illegible] فرشتہ [illegible] اور دانشوروں کے خیالات [illegible] جب قلم سے [illegible] کاغذ پر [illegible] ہیں تو یہی تو کہتے ہیں کہ "عورت ...

قدرت کا پاکیزہ تخیل اور تقدس کی دیوی ہے۔

جذبات و احساسات کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہے۔

عورت کے اشکوں میں سحر سامری سے زیادہ طاقت ہے۔

عورت مجسم شعر ہے اور اس کا حسن مجسم شعریت۔

اگر دنیا میں عورت نہ ہوتی تو آرٹ بے رنگ، شاعری بے کیف اور ادب پھیکا ہوتا۔

عورت قوم کی ماں اور معاشرے کی خالق ہے۔"

بعض مفکر جب عورت اور مرد کا مقابلہ کرتے ہیں تو وہ یہی کہتے ہیں کہ اگر مرد جسم ہے تو عورت روح ہے۔ مرد زبان سے التجا کرتا ہے عورت نگاہوں سے۔ تاریخ اگر یہ بتاتی ہے کہ فلاں جنگ میں مرد نے اتنا خون بہایا تو وہ یہ بھی بتانے پر مجبور ہے کہ کس طرح عورت نے اپنے سہاگ کی بربادی برداشت کی۔

یہ تو مفکروں کے خیالات تھے۔ اگر ہر ایک خیال کو انفرادی طور پر دیکھا جائے تو اس پر ایک کتاب لکھی جاسکتی ہے۔ تو آئیے اب ہم ایک مفکر کے اس خیال کو کہ "عورت کی آنکھوں میں شعر سے زیادہ حیا کی اور شرم کی جھلک ہوتی ہے" حقیقت کے ترازو میں تول کر دیکھیں۔

گلاب، چنبیلی، رات کی رانی اور سورج مکھی — جی ہاں یہ پھول اور پودوں کے نام ہیں۔ شاید آپ نے چھوئی موئی کا نام بھی سنا ہو۔ یہ اپنے اندر ایک خاص ادا رکھتا ہے۔ اس ادا پر اس پودے کو بہت ناز تھا۔ ایک بار ایک عورت اس پودے کے قریب سے گزری تو چھوئی موئی نے جھک کر کہا کہ اے عورت تو جانتی ہے کہ اگر مجھے کوئی ہاتھ لگا دے تو میں شرم سے سکڑ جاتا ہوں — عورت نے یہ سنا تو اس کی نگاہیں جھک گئیں [illegible] شفق کی سرخی [illegible] چھوئی موئی کا [illegible] حیران رہ گیا کہ یہ عورت بھی کیا شے ہے [illegible] کا ہاتھ لگتے [illegible] سکڑ [illegible] احساس [illegible]

[illegible]

غزل

[illegible]

بگڑی بات بنا [illegible] بگڑی بات بنائے کون
تپتی [illegible] ویرانے [illegible] پھول کھلائے کون
تن کی دولت من کی دولت سب خوابوں کی باتیں ہیں
[illegible] تو گھر میں داسا کو بچائے کون
اپنا غم اب خود ہی اٹھائے ورنہ رسوائی ہوگی
تیرا بھید چھپا کر دل میں ناحق بوجھ اٹھائے کون
چلتی گاڑی نام کا رشتہ، کیا موہن کیا رادھا آج
بن کے سندر کے، راس رچا کے موہن آج منائے کون
ساگر پار کی خبریں دیکھے ہمسائے کا پتہ نہیں
آج کا انساں عالم فاضل اس کو اب سمجھائے کون
ناامیدی نام تمنا، اپنا مقدر ہجر مسلسل
درد کے خارستان میں آکے دامن دل الجھائے کون
رات بھی کالی چادر اوڑھے آ پہنچی ہے سینے میں
مہندی لگائے بیٹھی سوچے لٹ الجھی سلجھائے کون

★

اعتراف

تم میرے نہ ہو سکے
مجھے کوئی دکھ نہ ہوا
کہ دکھ تو نام ہے
آس کے ٹوٹ جانے کا
اور مجھے تمہارے ملنے کی
کبھی کوئی آس نہ تھی

نہ غم وہ سوز وہ درد
جو دہکتا رہا میرے سینے میں
وہ بے رنگ بے کیف سا پل
جو میں نے گزاری ہیں
میری محبت
مجھے تمہاری محبت کا
حق دار نہ بنا سکی تھی

اگر تجھے پالینے کی
کوئی آس کوئی امید کوئی تمنا
کوئی شمع اس دل میں
فروزاں ہوتی
تو آج اس دل کے
[illegible]

[illegible]

کملا علی

گڑیا بیٹی ننھے بھیا سے حسد کیوں کرتی ہے؟

رفعت اقبال

گھر میں بچے کا وجود رونق و مسرت کا پیش خیمہ سمجھا جاتا ہے۔ رنگا رنگ کے کھلونے اور کپڑے لاتے نہیں تھکتیں۔ ناز نخرے پورے کرکے خوش ہوتے ہیں۔ خالہ، دادی، نانی، پھوپھی اپنی اپنی جگہ سب ہی اس کے فدائی ہوتے ہیں۔

ایسے میں دوسرے بچے کی آمد پہلے بچے کے لئے عجیب صورت حال پیدا کر دیتی ہے۔ جب سب لوگ نئے مہمان کو توجہ کا مرکز بنانا شروع کر دیتے ہیں تو اس کے ننھے سے دل کو دھچکا لگتا ہے وہ کم عمر کے باوجود بخوبی اندازہ لگا لیتا ہے کہ اس تبدیلی کا ذمہ دار کون ہے؟ ننھی یا ننھا۔

بچوں کے لئے یہ دور بڑا نازک ہوتا ہے۔ والدین کو چاہئے کہ ننھے مہمان کی آمد سے پہلے ہی پہلے بچے کو اس مرحلے کے لئے ذہنی طور پر تیار کرتے رہیں۔ بچے کی پیدائش پر چند ایک تحائف خرید کر بڑے بچے کو دیجئے اور بتایا جائے کہ یہ تمہارا ننھا بھائی یا بہن تمہارے لئے لایا ہے۔ اسے بتائیے کہ تمہارا ننھا بھیا بڑا ہو کر تمہارے ساتھ کھیلے گا۔ اگر آپ پیار کریں گی تو زیادہ جلدی بڑا ہوگا اور پھر بازار جاکر آپ کے لئے کھلونے لایا کرے گا۔ اسے احساس دلائیے کہ اس کی ذات ننھے کے لئے بڑی اہم اور ضروری ہے کبھی کبھی ننھے کا کام چھوڑ کر بھی بیٹا کا کام پہلے کر دیجئے۔ لیکن اسے سمجھاتی رہیے کہ ننھے کا کام اس لئے پہلے کرنا پڑتا ہے کیونکہ وہ آپ کی طرح بڑا اور سمجھدار نہیں ہے۔ اس بات پر اسے بڑا فخر محسوس ہوگا اور آہستہ آہستہ اس کا حریفانہ رویہ پیار اور دوستی میں تبدیل ہو جائے گا۔

بعض بچے چھوٹے بہن بھائیوں سے اتنا حسد کرتے ہیں کہ وقتاً فوقتاً ان پر ہاتھ اٹھانے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ خصوصاً والدین کی آنکھ بچا کر چھوٹے بچوں کی پٹائی کر ڈالتے ہیں۔ ایسی صورت میں بڑے بچے کو پیار محبت سے سمجھائیں اگر آپ اسے زیادہ ڈرائیں دھمکائیں گے تو وہ اس کا بدلہ ننھے سے لے گا۔

★

علامہ شبلی نعمانی، "عطیہ کے نام"

[illegible]

لذت کام و دہن

مٹر کا سوپ

۵۰۰ گرام مٹر
ایک ڈلی پیاز درمیانہ سائز
۲ چائے کے چمچے بھر مکھن
۱۰ چائے کے چمچے بھر دودھ
۲ سلائس ڈبل روٹی کے
۲ بوندیں کھانے کا ہرا رنگ
ایک چائے کا چمچہ بھر کالی مرچیں
نمک حسب ذائقہ
گھی حسب ضرورت۔

مٹر کے دانے نکال لیں۔ پیاز کو چھیل کر اس کا کچومر کاٹ لیں۔ اب ایک دیگچی میں مٹر کے دانے، پیاز کا کچومر، دس پیالی بھر پانی اور نمک ڈال کر آنچ پر رکھ دیں۔ جب مٹر اور پیاز گل جائیں تو ان کو کچل کر ایک باریک چھلنی میں چھان لیں اور پھوک پھینک دیں۔ اب اس سوپ میں مکھن ڈال کر آنچ پر رکھ دیں۔ دس منٹ پکائیں۔ پھر دودھ، رنگ اور کالی مرچ ڈال کر فوراً آنچ سے اتار لیں۔ ڈبل روٹی کے سلائس کے سخت کنارے چاروں طرف سے کاٹ لیں۔ پھر بیچ کے حصے کے آٹھ آٹھ ٹکڑے یکساں کاٹ لیں۔ اب ایک کڑھائی میں گھی ڈال کر آنچ پر رکھ دیں۔ جب گھی گرم ہو جائے تو اس میں ڈبل روٹی کے ٹکڑے تل لیں۔ بادامی ہو جائیں تو کاغذ پر اتار لیں تاکہ فاضل گھی کاغذ میں جذب ہو جائے۔ گرم گرم سوپ گہری پلیٹوں میں نکالنے کے بعد اس میں تلے ہوئے ڈبل روٹی کے ٹکڑے ڈال کر پیش کریں۔ یہ خیال رہے کہ تلے ہوئے ڈبل روٹی کے ٹکڑے ڈالنے کے بعد سوپ کو گرم نہ کریں تاکہ ڈبل روٹی کے ٹکڑے کرارے رہیں۔

★

کم وقت میں میٹھا تیار کیجئے

(چار آدمیوں کے لئے)

سامان:۔ ڈبل روٹی کے توس ۴ عدد، چینی ایک کپ، گھی حسب ضرورت، سبز الائچی ۴ عدد، کیوڑہ چند قطرے۔

ترکیب:۔ ڈبل روٹی کے کنارے الگ کرکے توسوں کو چار چار ٹکڑوں میں کاٹ لیجئے۔ چینی میں نصف کپ پانی ڈال کر گاڑھی سی چاشنی تیار کر لیجئے (چار تار کی)۔ پھر ڈبل روٹی کے ٹکڑوں کو گھی میں تلیئے۔ ہلکے بادامی ہو جائیں تو نکال کر چاشنی میں ڈالتی جائیے اور چاشنی میں اچھی طرح [illegible]

[illegible]

آپ کے خطوط

[illegible]

محترمہ!

جیداد [illegible] روئیداد ہے ۱۴ جولائی کو نیو یارک میں مسلم کلب کے زیر اہتمام ہونے والے مشاعرے کی کہانی ہے۔

سوچتی ہوں تو ہنسی آتی ہے۔ یہ مشاعرہ تھا یا بازیچۂ اطفال۔ یا پھر گنے چنے دو چار سخنور جو اس گمنام انسانوں کے جنگل میں نظر آتے ہیں انہیں تختۂ مشق بنانا مقصود تھا!

آپ کو یہ جان کر تعجب ہوگا اور مجھے تو واقعی رنج ہوا کہ مسلم کلب کا مقصد اولیٰ ڈالر فراہم کرنا تھا مشاعرہ کرنا نہیں۔ اور انہیں فخر بھی ہے کہ وہ اپنے اس مقصد میں کامیاب رہے۔ تو جناب میں یہ عرض کروں گی کہ اگر ڈالر کمانا ہی مقصود تھا تو مشاعرے کا ڈھونگ رچانے کی کیا ضرورت تھی۔ دنیا میں اور بھی بہتیرے ذرائع موجود ہیں۔ اگر مسلم کلب ان پر غور کرے تو بہت جلد مالا مال ہو سکتا ہے۔

اگر آپ ملی اور اخلاقی اعتبار سے بھی غور کریں تو آپ کو احساس ہوگا کہ اشتہار مشاعرے کا تھا اور ٹکٹ مشاعرے کے لئے ہی فروخت کئے گئے تھے۔ لوگ ایکس ہال میں رقص و موسیقی کے لئے جمع نہیں ہوئے تھے۔ ان کا منشاء تو شعر کی ان دیکھی حرارت سے روح کو تر و تازہ کرنا تھا۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو ہم جیسے بہت سے لوگ جنہیں "کافر" کہا جاتا ہے "مسلمان" ہونے کو تو نہیں جمع ہوگئے تھے۔

اگر یہی ترا انداز گفتگو ہے تو ہمیں
کبھی نہ بھول کے کعبہ کا رخ کرو واعظ

ڈانس سے شاعروں کو پکارا جا رہا تھا۔ ہال میں مچھلی مارکٹ کا سماں تھا۔ شاعر کانوں پر ہاتھ رکھ کر بھاگ رہے تھے۔ غرض یہ مشاعرہ ہر اعتبار سے ناکام رہا۔

تاہم دعا گو ہوں کہ پھر یہ تماشا مسلم [illegible] کی بدولت [illegible]!

[illegible]

[illegible]

[illegible]

شیخ عبداللہ یا مرزا افضل بیگ کشمیری عوام کے حق خود اختیاری پر سودے بازی نہیں کر سکتے

ریاست کے عوام اپنے پیدائشی حق سے کبھی دستبردار نہیں ہونگے، پاکستان ان کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا

مسلح افواج ہر قسم کی داخلی و خارجی جارحیت سے ملک کا مکمل دفاع کریں گی: جنرل ٹکا خان



کوئٹہ (اپ پ) پاک فوج کے چیف آف اسٹاف جنرل ٹکا خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی دفاعی افواج [illegible] ملک کی علاقائی سالمیت [illegible] اور داخلی تخریب کاروں [illegible] دکھا دیں گی۔

جنرل ٹکا خان نے آج یہاں ایک خاص تقریب [illegible]

آزادی کیلئے جدوجہد کرنیوالی اقوام فیر یقینی صورتحال سے بددل نہیں ہوا کرتیں: عزیز احمد

اسلام آباد (اپ پ) وفاقی وزیر مملکت برائے امور دفاع و خارجہ مسٹر عزیز احمد نے اعلان کیا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں کسی سیاسی لیڈر یا سیاسی جماعت کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ ریاست کے عوام کے حق خود اختیاری پر بھارت سے کوئی سودے بازی کرے۔ [illegible] پاکستان ان کی حق خود ارادیت کی حصول کی منصفانہ جدوجہد کی پوری حمایت کرتا رہے گا۔ [illegible] مقبوضہ کشمیر [illegible] اور بھارت کے [illegible] اقوام متحدہ تینوں فریق دے چکے ہوئے ہیں۔

بھارتی فوج کے کمانڈر جنرل سنہا ذکا حریت پسندوں کی فائرنگ سے زخمی ہوگئے

کلکتہ (ذرائع) بھارتی وزارت دفاع کے ذرائع نے [illegible] بھارتی فوج کے کمانڈر جنرل سنہا [illegible] فائرنگ کی [illegible] کامیاب نہیں ہو سکا



بنگلہ دیش کی حکومت ہر فیصلہ بھارت کی مرضی سے کرتی ہے: بھاشانی

راولپنڈی (اپ پ) نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ عبدالحمید بھاشانی نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کا ہر فیصلہ بھارتی حکومت کے مشورہ پر کیا جاتا ہے [illegible] زرمبادلہ کما سکتا ہے۔

روس پورے ایشیا پر غلبہ چاہتا ہے اور وہ ابھی تک پاکستان کو ٹکڑے کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے

عربوں کی امداد کر کے روس نے اپنے جدید ہتھیاروں کی آزمائش کی تھی

امریکہ پاکستان کو اسلحہ مہیا کرے، امریکی سینیٹر جیکسن سے چینی رہنماؤں کی بات چیت

واشنگٹن (بی بی سی) امریکی سینیٹر جیکسن نے عوامی جمہوریہ چین کا دورہ کرنے کے بعد بتایا ہے کہ روس نے پاکستان کے بٹنے [illegible] ۱۹۶۵ء کی جنگ کے دوران امریکہ نے پاکستان کو [illegible] ۱۹۷۱ء

کی جنگ کے دوران امریکہ نے پاکستان کی مدد نہیں کی جبکہ امریکہ کا ہتھیار [illegible] ایشیا پر اپنا غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے [illegible] کی تکمیل یہ ایک منفی کارروائی تھی

"کریسنٹ" کو اپنے دوستوں تک پہنچائیے

افغانستان کے بلوچ علاقوں کو پاکستان میں شامل کرنے کی تحریک شروع ہوگئی

دس لاکھ بلوچوں نے خفیہ تنظیم قائم کر لی

افغانستان میں بلوچوں کا استحصال کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (رعک) افغانستان کی دس لاکھ بلوچ آبادی نے ہرات اور دوسرے بلوچ علاقوں کو پاکستان میں شامل کرنے کی تحریک شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ہرات سے آمدہ اطلاع کے مطابق افغانستان میں بلوچوں کی نمائندہ تنظیم جبہ متحدہ کونسل خاص مقصد کے لیے ایک خفیہ تنظیم بنائی ہے جس کا سربراہ جنرل بیگ محمد بختیاری کو مقرر کیا گیا ہے۔ خفیہ تنظیم کے قیام کا فیصلہ جبہ متحدہ کونسل کے اجلاس میں کیا گیا۔ [illegible] اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے [illegible] افغانستان میں بلوچوں کا استحصال جاری ہے۔ [illegible] پاکستان کے عوام کے دوست ہیں۔ وہ اسلام کے رشتے میں منسلک ہیں۔

ادھر بلوچوں کی اکثریت پاکستان میں رہتی ہے۔ [illegible] جب کہ ایک بلوچ ایک زخمی ہلاک ہو گیا۔

فلپائن میں فوج کے ساتھ تصادم میں نو مسلمان حریت پسند شہید ہوگئے

منیلا (اپ پ) فلپائن کے جنوبی حصہ میں سرکاری فوجوں اور مسلمانوں کے درمیان دوبارہ لڑائی شروع ہوگئی۔ اس بات کا اظہار فوجی ذرائع نے کیا ہے۔ ان ذرائع کے مطابق [illegible] مسلمان حریت پسندوں نے [illegible] کر دیا چنانچہ ۹ مسلمان حریت پسند شہید اور سات گرفتار کر لیے گئے جبکہ سرکاری فوج کا ایک سپاہی ہلاک ہو گیا اور ۲۲ لاپتہ ہوگئے۔

وزیر اعظم بھٹو کا دورہ بنگلہ دیش کامیاب رہا ہے

ناکامی کا ڈھنڈورا پیٹنے والے رجعت پسند ہیں: پراودا

کراچی (اپ پ) روسی حکومت کے ترجمان اخبار پراودا نے وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے دورہ بنگلہ دیش کو کامیاب قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ اس تاریخی دورے نے دونوں ممالک کے باہمی تعلقات [illegible] ہموار کر دی ہیں۔ پراودا نے اپنے تبصرے میں لکھا ہے کہ بنگلہ دیش اور پاکستان کے مذاکرات کی ناکامی [illegible] کے باہمی تعلقات بتدریج معمول پر آ رہے ہیں۔

افغانستان میں سردار داؤد اور شاہ ظاہر شاہ کے حامیوں میں جھڑپیں شروع ہوگئیں

فوج کے چار افسر اور ۲۰ جوان ہلاک ہوگئے

شاہ کے حامیوں نے آزاد [illegible] کے قیام کا اعلان کر دیا

[illegible] افغانستان کے بعض علاقوں [illegible] سرکاری فوج میں جھڑپیں شروع ہوگئی ہیں [illegible] اطلاعات کے مطابق [illegible] افغان فوج کے ۴ افسر اور ۲۰ فوجی مارے گئے۔ بتایا گیا ہے کہ ان علاقوں کے قبائلیوں اور طلباء نے سردار داؤد کے خلاف جلوس

[illegible] شاہ ظاہر شاہ کے حامی [illegible] افغان حکومت [illegible] اطلاعات کے مطابق [illegible]

[illegible] کے قیام کا اعلان کیا گیا

آغا شورش کے ہفت روزہ چٹان کا ڈیکلریشن منسوخ کر دیا گیا

[illegible]

ایران پاکستان کو معاشی مشکلات پر قابو پانے کیلئے ۵۸ کروڑ ڈالر کا قرضہ دے گا

دونوں ممالک متعدد منصوبوں کے قیام میں اشتراک و تعاون کریں گے

اسلام آباد، ۳۱ جولائی (اپ پ) ایران پاکستان کو معاشی مشکلات پر قابو پانے میں مدد دینے کے لئے ۵۸ کروڑ ڈالر کا قرضہ دے گا۔ اسلام آباد اور تہران سے جاری کئے گئے مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ یہ قرضہ تین برس کی مدت میں تین برس کی رعایتی مدت کے ساتھ ۔۔۔ ایران قرضہ پر ۲ فیصد سالانہ سود ۔۔۔ کے معاہدہ پر ۱۲ جون کو دستخط ہوئے تھے اور اس کا ۔۔۔

[illegible]

افغانستان میں چین نواز نوجوانوں کی تنظیم نے حکومت کے خلاف سرگرمیاں شروع کردیں

تنظیم نے ظاہر شاہ سے رابطہ قائم کرلیا جھڑپوں میں ۵ افغانی فوجی ہلاک

ملک میں خانہ جنگی کی سی صورت پیدا ہو رہی ہے

[illegible]

آؤٹ لک پر دو ماہ کے لئے پابندی لگادی گئی

کراچی ۳۰ جولائی (اپ پ) حکومت سندھ نے کراچی کے انگریزی ہفت روزہ "آؤٹ لک" کی اشاعت پر دو ماہ کے لئے ۔۔۔ [illegible]



آئندہ دو برس کے اندر بھارت اور پاکستان میں جنگ ناگزیر ہے: جنرل نیازی

ہم نے تین ڈویژن فوج سے نو ماہ تک مقابلہ کیا، دو دن اور جنگ جاری رہتی تو حیدر آباد پر بھارت قبضہ کر لیتا

میں نے یحییٰ کے حکم کی تعمیل کی، حکم عدولی ہمارا شیوہ نہیں

قوم متحد نہ ہوئی تو مزید تباہی کا سامنا کرنا پڑے گا: لیاقت آباد بار ایسوسی ایشن سے خطاب

لیاقت آباد ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ بھارت اور پاکستان میں جنگ ناگزیر ہے اگر ہماری قوم نے متحد ہو کر ۔۔۔ مادر وطن کی حفاظت کا فریضہ انجام دو دیا تو یہ ملک مزید تباہی سے ۔۔۔

انہوں نے کہا کہ اکثر لوگ ان پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ مشرقی پاکستان میں جنرل نیازی نے لڑنے کی بجائے ہتھیار کیوں ڈالے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی تاریخ سمیت دنیا کی کوئی تاریخ اس بات کی مثال پیش نہیں کرسکتی کہ کسی جنرل نے حکم عدولی کی ہو۔ ہمارا کام صرف تعمیل حکم ہے۔ یہی وجہ تھی کہ میں نے یحییٰ خان کی طرف سے ہتھیار ڈالنے کے احکامات کو قبول کرلیا۔

انہوں نے کہا کہ مشرقی پاکستان کے عوام کی اکثریت ہمارے خلاف تھی ۔۔۔ [illegible]

اصغر خاں پر قصور میں دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کرنے پر مقدمہ درج کرلیا گیا

وہ دربار بلھے شاہ سے ہجوم کے ساتھ واپس آرہے تھے

قصور ۔۔۔ (نامہ نگار) تحریک استقلال پاکستان کے سربراہ ایئر مارشل ریٹائرڈ اصغر خاں کے خلاف دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کے الزام میں مقامی پولیس نے زیر دفعہ ۔۔۔ مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔ اصغر خاں پر الزام یہ لگایا گیا ہے کہ جب وہ دربار بلھے شاہ پر حاضری دینے کے بعد باہر نکلے تو بہت سے لوگ جمع ہوگئے اور اصغر خاں کو جلوس کی شکل میں لے جایا گیا ۔۔۔ ایم این اے کے مکان پر حاضرین سے خطاب کیا تو دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ کے باوجود اس مکان پر لاؤڈ سپیکر نصب تھا۔ قصور پولیس نے مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

حیدر آباد کی ایک اطلاع کے مطابق وہاں ایک مقامی عدالت میں اصغر خاں ۔۔۔ کے خلاف مقدمے کی جو سماعت ہونی ہے وہ ۲۳ اگست تک ملتوی کردی گئی ہے ۔۔۔ [illegible]

پاک ایران بات چیت مکمل ہوگئی


اسلام آباد ۔۔۔ اپ پ پاکستان اور ایران کے مابین دیہات میں ہوٹلوں کا بہت بڑا سلسلہ قائم کرنے کے سلسلے میں گفت و شنید مکمل ہوگئی ہے ایرانی وفد نے حکومت پاکستان کی طرف سے مجوزہ ہوٹلوں کے متعلق تمام تفصیلات واضح کرنے اور وفد کے ارکان کو ان ہوٹلوں کے لئے مجوزہ مقامات ۔۔۔ جگہوں کا معائنہ کرنے کی سہولت بہم پہنچانے کے لئے شکریہ ادا کیا ایرانی وفد ۲۲ جولائی کو پاکستان آیا تھا اور دس روزہ قیام کے بعد آج شب تہران روانہ ہو رہا ہے۔

دریائے راوی میں زبردست سیلاب نارووال اور شکر گڑھ کے درمیان ریلوں اور بسوں کی آمد و رفت بند ہوگئی

ریل کی پٹڑی اور سڑک پر چار فٹ تک گہرا پانی بہہ رہا ہے

پنجاب میں بھی قادر آباد کے مقام پر شدید طغیانی ہے

لاہور ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ کا سیلاب آ رہا ہے جس سے ۔۔۔ متعدد دیہات زیر آب آ گئے ہیں ۔۔۔ نارووال، شکر گڑھ ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ بالائی علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث دریاؤں میں سیلاب کا خطرہ موجود ہے۔ نارووال ۔۔۔ ہمارے نامہ نگار کے مطابق بالائی علاقوں میں زبردست بارش ۔۔۔ [illegible]



وزیر اعظم بھٹو نے کھلی کچہری لگائی اور موقع پر احکام جاری کئے

لاڑکانہ ۔۔۔ (اپ پ) آج صبح وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ڈسٹرکٹ کونسل ہال لاڑکانہ میں عام کچہری لگا کر سیکڑوں افراد سے جن میں سے بیشتر تباہ حال مرد اور عورتیں تھیں خود درخواستیں وصول کیں اور دو گھنٹے تک ان کی فریادیں سنیں۔ انہوں نے بعد میں اخباری نمائندوں کو بتایا کہ میں یہ عام کچہری لوگوں کے مسائل سننے کے لئے منعقد کیا کرتا ہوں۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ سندھ مسٹر غلام مصطفےٰ جتوئی، وزیر عبدالحمید کشمیر اور سماجی ۔۔۔ مسٹر ۔۔۔ صادق علی کے علاوہ بہت سے ۔۔۔ اور سرکاری محکموں کے کئی سربراہ بھی موجود تھے جو ۔۔۔ سوالی کی درخواست کے سلسلے میں کوائف پیش کر رہے تھے۔

بھارت میں فرقہ پرست جماعتوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں: شیخ عبداللہ

نئی دہلی ۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) کشمیری لیڈر شیخ عبداللہ نے کہا ہے کہ بھارت میں فرقہ پرست جماعتوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے وہ آج سری نگر میں ایک جلسہ عام سے خطاب کررہے تھے انہوں نے کہا کہ بھارت کے سیاسی ڈھانچے میں فرقہ پرست سیاسی جماعتیں ہیں ۔۔۔

بہتر یہی ہے کہ افغان حکمران ہم سے بہتر تعلقات پر آمادہ ہو جائیں

ہم افغانستان سے کہیں زیادہ وسائل کے مالک ہیں : دیر کے جلسہ عام میں تقریر

کانگریسی لیڈروں نے برصغیر کی تقسیم کا مطالبہ مان کر غلطی کی تھی

میں مذہب کی بنیاد پر علیحدگی کا سخت مخالف ہوں : شیخ عبداللہ

حکومت مرزائیوں کے مسئلے کو منصفانہ اور مکمل طور پر حل کر دینا چاہتی ہے

غیر ضروری تاخیر نہیں ہونے دی جائے گی

ماہرین سے بھی مشورہ کیا جائیگا : اپنی طرف سے کوئی فیصلہ مسلط کرنے کے حق میں نہیں ہوں بھٹو

کشمیر کو بھارت میں ضم کرنے کے فیصلے کی ہر سطح پر بھرپور مخالفت کی جائیگی مولوی فاروق

پوری وادی میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی : گوریلا سرگرمیاں شروع کرنے کا پروگرام



ولی خان پٹھانوں
اور بلوچوں سے
ایسی
چاہتے ہیں بھٹو

بلوچستان میں بمباری کے بارے میں نیپ کے سربراہ کا بیان جھوٹ کا پلندہ ہے

ولی خان چار ماہ سے لندن میں تھے۔

صدر داؤد محل سے باہر نہیں نکلتے

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
FOR TWO YEARS $10.00
SEND CHEQUES TO:

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690 1590

NAME

ADDRESS

PHONE #

ملک بھر میں ووٹروں کی نئی فہرستیں تیار کرنے کا کام آج شروع ہوگا

نئی فہرستیں یکم ستمبر کو شائع کر دی جائیں گی

فہرستوں کی تیاری پر ایک کروڑ روپے صرف ہوں گے : چیف الیکشن کمشنر

صدائے پاکستان

مری نوا سے ہوئے زندہ عارف و عامی!
دیا ہے میں نے انہیں ذوقِ آتش آشامی!
حرم کے پاس کوئی اعجمی ہے زمزمہ سنج
کہ تار تار ہوئے جامہ ہائے احرامی!
حقیقتِ ابدی ہے مقامِ شبیری!
بدلتے رہتے ہیں اندازِ کوفی و شامی

(بالِ جبریل)

دین میں کسی پر کوئی جبر نہیں

اسلام کے دروازے تمام بنی نوع انسان کے لئے کھلے رہنے چاہئیں

محمد ممتاز الدین خان

قرآن کریم جس جماعت کی طرف آسمانی انقلاب کو لاتا ہے، اس کی اولین خصوصیت یہ ہے کہ وہ اس انقلاب اور نظام کو اپنے دل کی رضا سے بلا جبر مانے گی۔ اپنی زندگی کا نصب العین بنالے، جیسا کہ [illegible] کی آیت (۲۵۶) میں (بتایا گیا ہے کہ) اس عظیم قوتوں کا مالک خدا اگر چاہتا تو جبراً خارجی کائنات میں اس کا نظام خود قائم ہے۔ انسان دنیا میں بھی از خود قائم ہو جاتا اور انسان اس کے مطابق چلنے پر مجبور ہوتا۔ لیکن ہم اس باب میں زبردستی نہیں کرنا چاہتے، اے انسان کو اپنے دل کی رضامندی سے قائم کرنا اختیار کرنا چاہئے۔ اس کے لئے ہم نے کیا یہ ہے کہ دونوں راستے صحیح اور غلط راستے واضح کر دیے ہیں۔ اب انسان اسے کہ یہ لیے کہ وہ جونسا راستہ چاہیں اختیار کر لیں۔ سوم جو غیر خداوندی نظام سے منہ موڑ کر اس نظام کی صداقت پا یقین لے آئے گی اور اسے اپنی زندگی کا نصب العین بنالے گی تو سمجھو کہ اس نے ایسے محکم سہارے کو تھام لیا جو کبھی ٹوٹ نہیں سکتا اور چونکہ یہ نظام اس خدا کا تجویز کردہ ہے جو تمام باتوں کو سنتے اور سب کچھ جانے والا ہے۔ اس آیت کریمہ کا واضح مطلب یہ ہوا کہ خدا نے تمام بنی نوع انسان کے لئے ایک ضابطۂ حیات (قرآن حکیم) کے ذریعے نظام زندگی عطا فرمایا ہے [illegible]

[illegible]

اسلام میں داخل ہوتا ہے تو اسے یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ دین (اسلام) کے نظام پر کامل غور و خوض کرے۔ اسے اپنانے سورہ الفرقان کی آیت (۷۳) میں فرمایا گیا ہے کہ جب ان کے سامنے قوانین خداوندی بھی پیش کئے جاتے ہیں تو وہ ایسا نہیں کرتے کہ علم و بصیرت اور عقل و فکر کو بالائے طاق رکھ کر محض جذباتی طور سے ان پر گر پڑیں۔ وہ انہیں بھی اندھے بہرے بن کر اختیار نہیں کرتے، سوچ سمجھ کر اختیار کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جو شخص بھی اسلام (دین) میں داخل ہو جب تک وہ اس میں ہے اس پر عرصہ ہی ہوگا کہ وہ قوانین خداوندی کا پابند رہے اور اگر وہ نہیں رہ سکتا، یا نہیں رہنا چاہتا تو وہ اسلام چھوڑ دے اس سے کوئی باز پرس نہیں کی جا سکتی۔ یہی وجہ تھی جو جبلہ بن ایہم کے مسلمان ہو کر دوبارہ عیسائی ہو جانے پر حضرت عمرؓ نے اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی۔

تاریخ یہ بتاتی ہے کہ عرب کی شمال سرحد پر قدیم عربی قبائل آباد تھے جنہوں نے عیسائی مذہب اختیار کر رکھا تھا۔ [illegible]

[illegible]

درسِ بصیرت

مولانا عبدالرشید

خطبۂ خلافت

سیدنا ابوبکرؓ صدیق نے عنانِ حکومت سنبھالنے کے بعد جو پہلا خطبہ ارشاد فرمایا اس میں نہایت اختصار اور جامعیت کے ساتھ حکمران اور رعایا کے فرائض اور ذمہ داریاں بیان کر دی گئی ہیں۔ آپؓ نے حمد و ثنا کے بعد فرمایا۔

اے لوگو! میں تم پر حاکم مقرر کیا گیا ہوں اگرچہ میں تم سے بہتر نہیں۔

جب تک میں اللہ تعالیٰ اور جناب رسولِ پاک کی اطاعت کروں تم پر میری اطاعت واجب ہے۔ لیکن اگر میں کبھی اس راہ سے بھٹک جاؤں تو پھر تم پر میری اطاعت واجب نہیں۔ بلکہ اس صورت میں تم مجھے سیدھا کرنے کی کوشش کرنا۔

۲۔ تمہارا قوی ترین شخص میرے لیے کمزور ترین ہے، جب تک میں اس سے دوسروں کا حق نہ لے لوں۔ اور تمہارا کمزور ترین شخص میرے لیے قوی ترین ہے، جب تک میں اس کا حق واپس نہ دلا دوں۔

۳۔ صدق امانت ہے اور کذب خیانت ہے۔ جس قوم میں فحاشی اور بے حیائی پھیل جاتی ہے، اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مصیبتیں عام کر دی جاتی ہیں۔

۵۔ جو قوم اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد چھوڑ دیتی ہے وہ ذلیل و خوار ہو جاتی ہے۔

پہلے فقرے میں اس بات کی تردید فرمائی کہ حکمرانوں کو کوئی خدائی حق مل جاتا ہے اور انہیں کھلی چھٹی ہوتی ہے کہ وہ جس طرح چاہیں حکومت کریں۔ یا صدرِ حکومت کو ملک کے کسی عام شہری سے برتر حقوق مل جاتے ہیں۔ صاف صاف فرما دیا کہ حکمران کی حیثیت عام شہری کی سی ہے۔ اور اس کی حکومت اللہ تعالیٰ کے احکام اور جناب رسولِ پاک کے ارشادات اور آنجنابؐ کے قائم کردہ لنظائر اور روایات کی پابند ہے۔ اگر کوئی حکمران اس شرط کا پابند نہیں، تو عوام اس کی حکومت کے پابند نہیں۔

دوسرے فقرے میں فرمایا کہ حکومت کا بنیادی فریضہ یہ ہے کہ طاقت وروں کو کمزوروں کا حق چھینے نہ دے۔ نہ کمزوروں کو بے یار و مددگار اور کسمپرسی کی حالت میں چھوڑ دے۔ تیسرے فقرے میں اس بات پر زور دیا کہ حکمران کو سچائی اختیار کرنی چاہئے اور جھوٹ سے پرہیز کرنا چاہئے تاکہ عوام کو اس پر اعتماد رہے۔ ورنہ اگر وہ عوام کا اعتماد کھو بیٹھے تو پھر اس کی حکومت کی ساری بنیاد متزلزل ہو جائے گی۔

اس کے بعد فرمایا کہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ ملک میں فحاشی اور بے حیائی نہ پھیلنے دے، ورنہ قوم کھوکھلی اور کمزور ہو جائے گی

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا۔ نبی کریم صلعم نے فرمایا۔ مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس سے لڑنا کفر ہے۔

عبداللہ بن عمرؓ نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص نے اپنے بھائی (مسلمان) کو کافر کہا تو ان دونوں میں سے ایک اس لفظ کے ساتھ لوٹا۔ (بخاری و مسلم)

ایک سوال

[illegible] شیخ نے مرزا [illegible]
ان پیر [illegible] سے ہر اک بُت کے کہنے والوں کا گرا ہے
اے مسلم کشمیر کی غیرت! یہ بتا کیا؟
کشمیر کی تقدیر میں بکنا ہی لکھا ہے!

[illegible]

وطنِ عزیز ۔ سنجیدگی [illegible]

آزاد کشمیر اور پاکستان [illegible] پر آج کل بھارتی فوجوں کا جو اجتماع ہو رہا ہے [illegible] تحریری روسی اسلحہ سے تیار کیا گیا ہے [illegible] سرحدوں کی [illegible] اور حریت پسند کشمیریوں کے قتل عام سے جو حالات پیدا ہو چکے ہیں ان سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ کسی بھی وقت بھارت یا افغانستان کی طرف سے کسی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

واشنگٹن میں امریکی سینیٹر [illegible]

[illegible]

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ

جلد ۳

بھارت اور افغانستان کی فوجیں بیک وقت پاکستانی سرحدوں کی طرف بڑھ رہی ہیں

سیالکوٹ اور چھمب سیکٹروں میں پاکستانی سرحدوں کے ساتھ ساتھ بھارتی فوجوں نے مورچے قائم کر لیے ؛ ہم کوئی خطرہ مول لینے کے لیے تیار نہیں

افغان فوجیں سرحد پر اور سرحد سے پیچھے دور تک تیار کھڑی ہیں

چین اور امریکہ کی طرف سے پاکستان کی علاقائی سالمیت کی یقین دہانی ہمارے لیے قابل اطمینان ہے

اسلام آباد میں وزیر مملکت برائے امور دفاع عزیز احمد کی ہنگامی پریس کانفرنس

اسلام آباد (ا پ پ) وزیر مملکت برائے امور دفاع و خارجہ مسٹر عزیز احمد نے بتایا ہے کہ افغانستان اور بھارت کی فوجیں بیک وقت پاکستان کی سرحدوں کی جانب بڑھ رہی ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے کوئی مشترکہ منصوبہ بنا رکھا ہے۔ انہوں نے آج یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیالکوٹ اور چھمب کی سرحد کے ساتھ ساتھ بھارتی فوج نے مورچے بنائے ہیں۔ دوسری طرف افغانستان کی فوج بھی پاکستان کی سرحدوں پر پہنچ چکی ہے اور سرحدوں سے پیچھے دور دور تک جنگ کے لیے تیار نظر آتی ہیں۔ مسٹر عزیز احمد نے کہا کہ پاکستان سرحد کی صورت حال پر نظر رکھے ہوئے ہے اور ہم کوئی خطرہ مول لینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بھارتی فوجیں کچھ دن پہلے تک سرحد سے بہت پیچھے تھیں مگر اب انہوں نے پیش قدمی کر لی ہے اور افغانستان اور بھارت کی فوجیں بیک وقت ہماری سرحدوں کی طرف بڑھ رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بھارتی فوج نے کئی پوسٹ سرحدوں پر مورچہ بند ہو چکے ہیں ... اور چھمب میں کئی یونٹوں کو فوری نقل و حرکت میں تیار رکھا گیا ہے۔ دوسری طرف افغان فوج بھی عقب میں حالت جنگ میں کھڑی ہے۔ مسٹر عزیز احمد نے کہا امریکہ اور چین نے پاکستان کی علاقائی سالمیت کی حفاظت کی یقین دہانی کرا دی ہے اور پاکستان کی حکومت پوری طرح مطمئن ہے۔

ملک دشمن عناصر پاکستان کے مزید ٹکڑے کرنے کا خیال دل سے نکال دیں

بلوچستان میں فوجی کارروائی ۱۵ مئی سے ختم کی جا چکی ہے

مسلم باغ کے اجتماع سے وزیر اعظم کا خطاب

کوئٹہ (ا پ پ) وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے آج یہاں اعلان کیا ہے کہ اگر مینگل اور مری قبائل اپنی پہاڑی کمین گاہوں سے نکل آئیں اور ... تو حکومت نہایت فراخ دلی سے انہیں معاف کر دے گی۔ کوئٹہ سے ۸۵ میل دور مسلم باغ (ژوب) میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا آپ لوگ پہاڑوں سے نیچے اتر آئیں۔ آپ کے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔ آپ کو جیل نہیں بھیجا جائے گا۔ انتقامی کارروائی کا خوف و خدشہ بھی دل سے نکال دیں۔ حکومت آپ سے برادرانہ سلوک کرے گی۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ اگر مری اور مینگل قبائل ہتھیار ڈال دیں اور کمین گاہیں چھوڑ دیں تو وہ بلوچستان کے مسئلے کے حل کے لیے بھی تیار ہیں تاہم انہوں نے واضح کیا کہ حکومت اس فراخ دلی کا مظاہرہ بلوچستان میں حکومت سازی کے لیے نہیں بلکہ ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں کرے گی۔

وزیر اعظم نے ملک دشمن عناصر کو انتباہ کیا کہ وہ ملک میں شکست و ریخت کا خیال دل سے نکال دیں ان کے یہ خواب اب کبھی شرمندۂ تعبیر نہ ہو سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مٹھی بھر عناصر پہاڑوں میں چھپ کر بلا وجہ تخریبی عمل کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مصالحت کی کوششوں کو اس کی کمزوری پر محمول کیا گیا۔ انہوں نے کہا جن لوگوں نے ہتھیار اٹھائے اور پاکستانی فوجیوں کو ہلاک کرنے کا فخریہ اعلان کرتے رہے ... حکومت نے ان کے بارے میں بہت نرم رویہ اختیار کیا اور ان سے مذاکرات کے دروازے کبھی بند نہیں کیے بلکہ فوجی کارروائی ختم کرنے کا اعلان کر دیا لیکن اس کا مثبت جواب نہ ملا۔ انہوں نے کہا پہاڑوں میں چھپے ہوئے عناصر خواہ وہ پاکستان کے مزید ٹکڑے کرنے کا خیال دل میں رکھتے ہیں تو انہیں سخت غلط فہمی ہے۔ وزیر اعظم نے نیشنل عوامی پارٹی کے اس الزام کی تردید کی کہ ان کی حکومت محض سیاسی وجوہ کی بنا پر برطرف کی گئی۔ انہوں نے کہا حقیقت یہ ہے کہ ان کی حکومت ... عوام کی جانب سے ان کی غلط روی کی مسلسل شکایات کے بعد برطرف کی گئی ... ملک اور اس کے جمہوری ڈھانچے کے خلاف ان کی سازشیں ... ۔

مسلم باغ ۲۸ جولائی (ا پ پ) وزیر اعظم پاکستان مسٹر بھٹو نے آج یہاں واضح کیا ہے کہ حکومت اور قوم بابائے قوم قائد اعظم محمد علی جناح کے خلاف ... ہرگز برداشت نہیں کرے گی۔ مسلم باغ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ... کی جسارت کرتے ہیں تو عوام نے ایک ساتھ با آواز بلند شرم شرم کے نعرے لگائے۔ وزیر اعظم نے کہا قائد اعظم قوم کے باپ تھے انہوں نے تحریک پاکستان کی عظیم الشان ولولہ انگیز قیادت کی اور مسلمانوں کو علیحدہ وطن دیا۔ انہوں نے کہا اب وہ عناصر جو پاکستان کے وجود کو ابھی تک تسلیم نہیں کر پائے قائد اعظم کی شان میں گستاخی کرتے ہیں لیکن انہوں نے ... کے خلاف آج تک زبان نہیں کھولی۔

بانیٔ پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کے خلاف زبان درازی برداشت نہیں کی جائے گی

ہمارا آئندہ شمارہ یوم آزادی نمبر ہوگا۔

سی۔ این۔ ای میں پاکستانی پویلین

کینیڈین نیشنل ایکزیبیشن ٹورانٹو میں حکومت پاکستان کی جانب سے پہلی بار پویلین لگایا جا رہا ہے۔

اس پویلین کا ڈیزائن ٹورانٹو میں مقیم پاکستان کے مشہور آرکیٹیکٹ ... نے تیار کیا ہے۔

پاکستانی پویلین میں ملکی مصنوعات رکھی جائیں گی۔
نمائش اگست کے وسط میں شروع ہوگی۔


ہمارا کشمیری عوام بھارت کے الحاق کے خسارے میں نہیں رہے (شیخ عبداللہ)

مشرقی پاکستان میں شکست کی وجہ وہاں کے عوام کا عدم تعاون تھا : جنرل نیازی



میں نے سب واقعات حمود الرحمٰن کمیشن کو لکھ کر بھیج دیے ہیں

حمود الرحمٰن کمیشن رپورٹ شائع کی جائے : عبدالستار نیازی کا مطالبہ

لیاقت آباد ۲۸ جولائی (نامہ نگار) جمعیت العلماء پاکستان کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالستار خان نیازی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حمود الرحمٰن کمیشن کی رپورٹ کو شائع کیا جائے تاکہ عوام کو معلوم ہو سکے کہ مشرقی پاکستان میں ذلت آمیز شکست کی ذمہ داری کن افراد پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے آج ... میں مشرقی پاکستان میں مسلح افواج کے آخری کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل امیر عبداللہ خان نیازی کے اعزاز میں دیئے گئے ایک استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لیفٹیننٹ جنرل نیازی نے حمود الرحمٰن کمیشن کے روبرو جو بیان دیا ہے وہ قوم کی امانت ہے اور قوم یہ جاننا چاہتی ہے کہ ہمارے شیر دل جرنیل کو کن حالات میں ہتھیار ڈالنے پڑے۔

گرفتار شدہ علماء اور ایڈیٹروں کو رہا کر کے اخبارات سے پابندیاں ہٹائی جائیں

چٹان اور جسارت کے ایڈیٹروں کو رہا کیا جائے : میاں طفیل محمد

نظر بندوں نے کوئی جرم کیا ہے تو ان پر کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے

راولپنڈی ... جماعت اسلامی پاکستان کے امیر میاں طفیل محمد نے آغا شورش کاشمیری اور جسارت کے ایڈیٹر ... کی گرفتاری ... اگر ان پر کوئی الزام ہے تو کھلی عدالت میں مقدمہ چلانے کا مطالبہ کیا ہے ... جمہوریت اور قانون کی عملداری ... میاں طفیل محمد نے ... آغا شورش کاشمیری کو بغیر کسی مقدمہ کے گرفتار کر لیا گیا ...

گرفتاری چٹان پر پابندی، جسارت پریس کو ضبط کرنے کے احکام کی مذمت کرتے ہیں یہ انتہائی اقدام ... روزنامہ جسارت پر پابندی اور ... ایڈیٹر کی گرفتاری کا بھی کوئی جواز نہیں ... کی اشاعت پر مکمل پابندی عائد کی ... "چٹان" اور "جسارت" کو بند کرنا سراسر ناانصافی ہے۔ مرکزی مجلس عمل ... مطالبہ کرتا ہے کہ گرفتار شدہ علماء، طلباء اور عوام کو رہا کیا جائے لیکن اس کے برعکس پورے ملک میں جگہ جگہ گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے۔

عوام پُر امن رہیں اور تشدد پھیلانے والے عناصر سے ہوشیار رہیں

چٹان اور جسارت کو بند کرنا سراسر ناانصافی ہے : مرکزی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کے اجلاس کی قرارداد

لاہور ۲۸ جولائی (ا پ ا) مرکزی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کے ایک ہنگامی اجلاس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ آغا شورش کاشمیری مدیر چٹان، محمد صلاح الدین اور حکیم اقبال حسین ایڈیٹر جسارت کو بلا تاخیر رہا کیا جائے اور مذکورہ دونوں اخبارات پر سے پابندیاں ہٹائی جائیں۔ گرفتار شدہ علماء اور طلباء کو رہا کیا جائے ... خبروں کی اشاعت پر پابندیاں ختم کی جائیں ... اجلاس مولانا محمد یوسف بنوری کی صدارت میں ہوا ... اجلاس میں حسب ذیل قرارداد اتفاق رائے سے منظور کی گئی ... مرکزی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کا یہ اجلاس ... قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی کی تشکیل کے بعد ...